سوال

(292) حاملہ کو آنے والے خون کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

میں رمضان کے مہینے میں حاملہ تھی اور رمضان کے بیسویں دن مجھے تیز خون آگیا مگر میں نے نہ کچھ کھایا نہ پیا بلکہ میں روزے سے رہی لیکن میں نے ہسپتال میں چار دن کے روزے چھوڑے اور رمضان کے بعد میں نے چھوڑے ہوئے روزے رکھ لیے۔ کیا اب میں پھر دوبارہ روزے رکھوں جبکہ بچہ ابھی تک میرے پیٹ میں ہے؟ مجھے فائدہ پہنچائیے، اللہ آپ کو فائدہ پہنچائے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

تمہارا حمل کے دوران خون آتے ہوئے بھی روزہ رکھنا استحاضہ کی طرح تمہارے روزے کو متاثر نہیں کرتا اور تمہارا روزہ صحیح ہے، اور وہ چار روزے جو تم نے ہسپتال میں چھوڑے اور رمضان کے بعد ان کی قضا دے لی، وہ تجھے کافی ہیں اور اب تمہیں دوبارہ وہ روزے رکھنے لازمی نہیں ہیں۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 264

محدث فتویٰ